سوال

فسخ نکاح کا کیا طریقہ ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فسخ نکاح کا کیا طریقہ ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خاوند اور بیوی میں علیحدگی تو طریقوں سے ہوتی ہے یا تو طلاق یا پھر فسخ نکاح کے ذریعہ

اوران دونوں میں فرق یہ ہے کہ خاوند کی جانب سے ازدواجی تعلق کو ختم کرنا طلاق کہلاتا ہے، اوراس کے کچھ مخصوص اور معروف الفاظ ہیں

اور رہا فسخ نکاح تو یہ عقد نکاح کو توڑنا اور ازدواجی ارتباط کو بالکل اصلا ختم کرنے کا نام ہے گویا کہ یہ ارتباط تھا ہی نہیں، اور یہ قاضی یا شرعی حکم کے ذریعہ ہوگا

اوران دونوں میں درج ذیل فرق پایا جاتا ہے :

1 طلاق صرف خاوند کے الفاظ اوراس کے اختیار ورضا سے ہوتی ہے، لیکن فسخ نکاح خاوند کے الفاظ کے بغیر بھی ہوجاتا ہے، اوراس میں خاوند کی رضا اوراختیار کی شرط نہیں

امام شافعی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"ہر وہ جس سے تفریق اور علیحدگی کا فیصلہ کیا جائے اور خاوند اس کے الفاظ نہ بولے، اوراسے نہ چاہے تو یہ علیحدگی طلاق نہیں کہلائیگی" انتہی دیکھیں : الام (128/5)

2 طلاق کے کئی ایک اسباب ہیں، اور بعض اوقات بغیر کسی سبب کے بھی ہو سکتی ہے، بلکہ طلاق تو صرف خاوند کا اپنی بیوی کو چھوڑنے کی رغبت سے ہوگی

لیکن فسخ نکاح کے لیے سبب کا ہونا ضروری ہے جو فسخ کو واجب یا مباح کرے

فسخ نکاح ثابت ہونے والے اسباب کی مثالیں :

خاوند اور بیوی کے مابین کفؤ و مناسبت نہ ہونا جنہوں نے لزوم عقد میں اس کی شرط لگائی ہے .

جب خاوند یا بیوی میں سے کوئی ایک اسلام سے مرتد ہو جائے، اور دین اسلام میں واپس نہ آئے

جب خاوند اسلام قبول کر لے اور بیوی اسلام قبول کرنے سے انکار کر دے، اور وہ مشرکہ ہو اور اہل کتاب سے تعلق نہ رکھتی ہو

خاوند اور بیوی میں لعان ہو جائے

خاوند کا نفقہ و اخراجات سے تنگ اور عاجز ہو جانا، جب بیوی فسخ نکاح طلب کرے

خاوند یا بیوی میں سے کسی ایک میں ایسا عیب پایا جائے جو استمتاع میں مانع ہو، یا پھر دونوں میں نفرت پیدا کرنے کا باعث بنے

3 فسخ نکاح کے بعد خاوند کو رجوع کا حق حاصل نہیں اس لیے وہ اسے نئے عقد نکاح اور عورت کی رضامندی سے ہی واپس لا سکتا ہے

لیکن طلاق رجعی کی عدت میں وہ اسکی بیوی ہے، اور اسے پہلی اور دوسری طلاق کے بعد اسے رجوع کرنے کا حق حاصل ہے، چاہے بیوی راضی ہو یا راضی نہ ہو

فسخ نکاح میں مرد جن طلاقوں کی تعداد کا مالک ہے اسے شمار نہیں کیا جاتا

امام شافعی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"اور خاوند اور بیوی کے مابین جو فسخ نکاح ہو تو اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی، نہ تو ایک اور نہ ہی اس کے بعد" انتہی دیکھیں : کتاب الام (199/5)

ابن عبد البر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" فسخ نکاح اور طلاق میں فرق یہ ہے کہ اگرچہ ہر ایک سے خاوند اور بیوی میں علیحدگی اور تفریق ہو جاتی ہے : فسخ یہ ہے کہ جب اس کے بعد خاوند اور بیوی دوبارہ نکاح کریں تو وہ پہلی عصمت پر ہیں، اور عورت اپنے خاوند کے پاس تین طلاق پر ہو گی (یعنی خاوند کو تین طلاق کا حق ہو گا) اور اگر اس نے فسخ نکاح سے قبل طلاق دی اور رجوع کر لیا تو اس کے پاس دو طلاقیں ہونگی " انتہی دیکھیں : الاستذکار (181/6)

5 طلق خاوند کا حق ہے، اور اس میں قاضی کے فیصلہ کی شرط نہیں، اور بعض اوقات خاوند اور بیوی دونوں کی رضامندی سے ہوتی ہے

لیکن فسخ نکاح شرعی حکم یا پھر قاضی کے فیصلہ سے ہو گا، اور فسخ نکاح صرف خاوند اور بیوی کی رضامندی سے نہیں ہو سکتا، الا یہ کہ خلع کی صورت میں

ابن قیم رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" دونوں (یعنی خاوند اور بیوی) کو بغیر عوض (یعنی خلع) کے فسخ نکاح پر راضی ہونے کا حق حاصل نہیں، اس پر اتفاق ہے " انتہی دیکھیں : زاد المعاد (598/5).

6 دخول سے قبل فسخ نکاح عورت کے لیے کوئی مہر واجب نہیں کرتا، لیکن دخول سے قبل طلاق میں مقرر کردہ مہر کا نصف مہر واجب ہوتا ہے

لیکن خلع یہ ہے کہ عورت اپنے خاوند سے مطالبہ کرے کہ وہ مالی عوض یا پھر مہر سے دستبردار ہونے کے مقابلہ میں اس سے علیحدگی اختیار کر لے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث